## سوال

(157)جس آدمی کا میقات اس کا گھر ہو؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس آدمی کا گھر میقات کے اندر ہو، وہ کہاں سے احرام باندھے گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا آدمی اپنی رہائش سے احرام باندھے گا۔ ام السلم اور بحرہ کے رہنے والے لوگ اپنی اپنی جگہ سے احرام باندھیں گے اور جدہ والے اپنی جگہ سے احرام باندھیں گے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو شخص میقات کے اندر مقیم ہو اپنی جگہ سے احرام باندھے ایک دوسری روایت میں ہے کہ اپنے گھر والوں کے پاس سے احرام باندھے۔ اہل مکہ مکہ سے احرام باندھیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

**صفحہ: 247**

محدث فتویٰ